# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323

ریفرنس نمبر: بی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-06(263)

مورخہ 03 جون 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 03 جون 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 03 جون 2023ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیرِ صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2- | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3- | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4- | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| 5- | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 6- | جناب شہزاد احمد | (ممبر) | غوث الاعظم فلور ملز، لودھراں |
| 7- | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 8- | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 9- | جناب شیخ محمد خرم اظہار | (ممبر) | سبزازار میرج لان، بہاولپور |
| 10- | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 11- | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |
| 12- | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر انہیں خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور پر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:-** سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 مئی 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 03 مئی 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاوس نے بعد غور و خوض منظور کر لیا اور اتفاق رائے سے اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

## قرارداد 10/2022-23

"ہر گاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 مئی 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور بااتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"

**ایجنڈا نمبر 2:-** گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 03 مئی 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 6 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 34 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔دمان ٹریڈرز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولنگر 2۔بست سکلز انسٹی ٹیوٹ پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 3۔بست گولڈ جیولری پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور
4۔الحمد آئل ایکسٹریکشن پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 5۔سفر روضہ مبارک پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 6۔ایچ ایس ایس ایمپکس پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔جمیل فلور ملز، یزمان 2۔اسماعیل ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ 3۔ایف ایچ پراپرٹیز، احمد پور شرقیہ 4۔الامین اینڈ کو، اوچشریف
5۔فیضان ٹریڈرز اینڈ کو، بہاولپور 6۔فرینڈز پروٹین فارمز، یزمان 7۔زین سوپ ڈیلر، ہارون آباد 8۔جوئیہ زرعی سروسز، بہاولپور
9۔المدینہ پراپرٹی ڈیلر اینڈ بلڈرز، بہاولپور 10۔موزیک انٹر پرائیزز، بہاولپور 11۔چوہدری محمد یوسف اینڈ سنز کمیشن ایجنٹ، یزمان
12۔عابد ہارڈ ویئر ٹریڈرز، ہارون آباد 13۔نیو پاک رائس ملز، بہاولنگر 14۔صدیق انٹر پرائیزز، بہاولپور 15۔آئی اے ٹیک، بہاولپور
16۔میکس گروپ، بہاولپور 17۔ڈولر شاپ، بہاولپور 18۔النصر انٹر پرائیزز، بہاولپور 19۔نور انٹر پرائیزز، بہاولپور 20۔حافظ ٹریڈرز، بہاولنگر
21۔ماجد انٹر پرائیزز، بہاولپور 22۔کمپیوٹر سولیوشن، بہاولپور 23۔ملت ہسپتال، بہاولپور 24۔ہانیہ بوتیک، بہاولپور
25۔امجد اینڈ کو کمیشن ایجنٹ، حاصل پور 26۔محسن موبائل سنٹر، بہاولپور 27۔علی موٹرز، بہاولپور 28۔اون ٹریک ٹریڈرز، بہاولپور
29۔میاں ٹریڈرز، بہاولپور 30۔اسٹیٹ 92، بہاولپور 31۔شائن میلا مائن ویئر، چشتیاں 32۔ٹائی بوک ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ
33۔مقبول اینڈ سنز الیکٹرک سٹور، بہاولپور 34۔وحید فلنگ اسٹیشن، احمد پور شرقیہ

ہاؤس نے آنے والی درج بالا نئی ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دے دی۔

**ایجنڈا نمبر 3:-** گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گزشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:-** ماہ مئی 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ مئی 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ یکم جون 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ مئی 2023 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے غور وخوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ مئی میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-11,36,543 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور بااتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

CS CamScanner

قرارداد 23-11/2022

"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ مئی میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-11,36,543 روپے کی بااتفاق رائے منظوری دیتا ہے اوران اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"

ایجنڈا نمبر 5:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیرغور لائے جانے والے امور۔

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے ہوئے صاحب صدر نے ہاؤس کو بتایا کہ ریسکیو 1122 بہاولپور کے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کی جانب سے چیمبر میں ایک درخواست موصول ہوئی ہے جس میں انہوں نے ایمرجنسی کی صورت میں استعمال میں لانے کے لیے کچھ ادویات کی درخواست کی ہے۔ہم ممبران ایگزیکٹو کمیٹی کے تعاون سے ترکی فنڈ سے ریسکیو 1122 کو 2 لاکھ روپے کی ادویات چیمبر کی جانب سے عطیہ کررہے ہیں۔صدر چیمبر نے ہاؤس کو یہ بھی آگاہ کیا کہ چندروز پہلے انہوں نے سینئر نائب صدر جناب حنیف احمد، نائب صدر جناب عدیل خالد اورا یگزیکٹو ارا کین جناب محمد ارشد رحمانی اور جناب شیخ محمد خرم اظہار و چند ایک دیگر ارا کین کے ہمراہ بیت المال سویٹ ہوم کا وزٹ کیا جہاں پر یتیم، بے سہارا بچوں کی کفالت اوران کی رہائش وغیرہ کا انتظام موجود ہے۔صدر چیمبر نے ہاؤس سے استدعا کی کہ انکی جانب سے ہمیں مالی تعاون کی درخواست کی گئی ہے اگرکوئی رکن اس ادارے کے ساتھ تعاون کرنا چاہے تو یقیناً یہ باعث ثواب ہوگا۔صاحب صدر نے ہاؤس میں یہ بھی کہا کہ ہمارے چیمبر میں زیرتعمیر مسجد پائیہ تکمیل تک پہنچ چکی ہے، تاہم مسجد کے لیے صفوں کی ضرورت ہے اگرکوئی رکن یہ صفیں عطیہ کرنا چاہے تو کرسکتا ہے جس پر چیمبر کے نائب صدر جناب عدیل خالد نے یہ ذمہ داری لیتے ہوئے کہا کہ مسجد کے لیے وہ صفیں خرید کردیں گے جس پر ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

چونکہ مزید کوئی نکتہ زیرغور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔جس کے بعد ارا کین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CS CamScanner